DIGITAL ARTS URDU TEACHERS GROUP

SSLC- SOCIAL SCI QUESTION PAPER DESIGN

یس یس یل سی بورڈ کی جانب سے جاری کردہ سماجی سائنس سوالی پرچہ کا خاکہ

*طلباء میں سیکھنے کی سطح کو سمجھنے کے لئے کئی طریقوں کو اپنا سکتے ہیں۔اِن میں سیکھنے کی سطح کو ناپنے کا اہم آلہ امتحانات ہیں۔

*لیکن امتحانات کو ایک ہی طریقے سے کرواتے رہینگے تو نتیجے اثر پذیر نہیں ہونگے۔

*تبدیلی قدرت کا اور زمانے کا اصول ہے۔ مسلسل تبدیلی لاتے رہینگے تو نئے نئے طریقے بھی سیکھنے کا موقع ملے گا۔

۔ نئے سوالی پرچے استعمال میں لانے کے بنیادی مقاصد *۔*

*طلباء صرف نشانات حاصل کرنے کو ہی اپنا مقصد بنائے ہوئے ہیں۔اِس بات کو غور کرتے ہوئے یہ قدم اٹھایا گیا ہے۔

*موجودہ حالات میں طلباء اور والدین صرف اور صرف نشانات حاصل کرنے کی ڈور میں ہیں،نہ کہ علم حاصل کرنے کو ترجیح دے رہے ہیں۔

*جب تک بچہ اسکول/مدرسہ میں سیکھے ہوئے علم کو اپنی روزِ مرہ زندگی صحیح گزارنے کے لئے استعمال نہ کرے وہ علم، علمِ نافع نہیں ہے۔

*علم کا سکھنا صرف زبانی و تحریری نہ ہو کر عملی زندگی میں آنا اشد ضروری ہے۔

*مندرجہ بالا تمام نکات کو مدِ نظر رکھتے ہوئے امتحانی نظام کو بدلنا لازمی ہو گیا ہے۔

مقاصد اور فوائد

*طلباء کے سیکھنے کے طریقے میں جدیدیت لانا۔

*تدریسی طریقے میں تبدیلی لانا۔ طلباء صرف زبانی یاد کرنے والے نہ ہو کر منطقی سوچ رکھنے والے ہونا چاہئے جواب کو سمجھتے ہوئے دینے کی صلاحیت پیدا ہو۔

*اساتذہ اکرام تمام اسباب کو مساوی اہمیت دیتے ہوئے درس دینا۔

*علم جبری عمل نہ ہوتے ہوئے ہنسی خوشی سکھنے والا عمل ہونا چاہئے۔

*یادداشتی عمل میں تبدیلیاں لانا۔ *طلباء میں زبانی صلاحیت و مہارت کو بڑھانا،اور خوش خطی کو بڑھاوا دینا۔

*گذشتہ سوالی پرچوں میں کل 47 سولات تھے اور بہت چھوٹے جوابات والے سوالات زیادہ تھے۔ لیکن طلباء میں تحریری صلاحیت کو پروان چڑھانے والے سوالات کی کمی تھی، *اس نمونے پرچے میں طویل ووضاحت والے جوابات کو زیادہ زور یا اہمیت دی گئی ہے،

*کل 38 سوالات والے اس نمونہ پرچے میں 3 اور 4 مارکس والے وضاحتی جوابات والے سوالات پر زیادہ توجہ دی گئی ہے۔

*03 نشانات والے 09 سوالات، 04 نشانات والے 04 سوالات 05 نشانات والا سوال نقشہ کی مہارت والا سوال ہے۔

سوالی پرچہ تیار کرنے کے لئے ہدایات

*04 نشانات کے 04 سوالات ہونگے اور صرف ایک سوال کے لئے انتخاب/چوائس دیا جائیگا۔ اور انتخابی سوال تاریخ کے حصے سے ہوگا،

*03 نشانات کے 09 سوالات ہونگے۔ جن میں صرف 04 کے لئے انتخاب دیا گیا ہے۔ اور انتخابی سوالات کو *تاریخ* جغرافیہ * معاشیات * تجارتی تعلیم سے ہی لیا جائیگا ہے۔

*02 نشانات والے 08 سوالات ہونگے اور صرف 02 سوالات کے لئے انتخاب دیا گیا ہے۔ اور ان سوالات کو صرف سیاسی سائنس اور سماجیات سے لیا جائیگا ہے۔

*نقشہ بنا کر نشان دہی کرنے کا سوال صرف جغرافیہ سے پوچھا جائیگا۔ اور نشان دہی کرنے کے لئے پوچھے جانے والے مقامات،، دریا، دریائی وادیوں کے ہمہ مقاصدی منصوبے اور طبعی حصے وغیرہ ہونگے۔

*نصابی کتاب کے نقشوں میں اور تفصیلات میں دئے گئے مقامات کو ہی پوچھنا چاہیے۔

*سوالی پرچہ تیار کرتے وقت۔ مضمون۔ موضوع (حصے)۔ اور مقاصد کے لحاظ سے بنانا چاہئے،

SSLC QUESTION PAPERS DESIGN

SOCIAL SCIENCE -85 U MARKS : 80

Dimentions-1		Theme (Division)-Wise Weightage
Sr No	Theme (DIVISION)	MARKS
01	تاریخ- HISTORY	25
02	علمِ سیاسیات- POLITICAL SCI	11
03	علمِ عمرانیات/سماجیات- SOCIOLOGY	08
04	جغرافیہ- GEOGRAPHY	22
05	معاشیات- ECONOMICS	07
06	تجارتی تعلیمات- BUSINESS STUDIES	07
کل-TOTAL		80

QUESTION TYPE سوالیاتی نمونہ /سوالات کی قسم

Question type	No. of Questions	Marks
معروضی سوالات	8x1	08
1-مارکس/جملہ	8x1	08
2مارکس	8x2	16
3مارکس	9x3	27
4-مارکس	4x4	16
5-مارکس	1x5	5
کل-TOTAL	38	80

Objective Wise Weightage

Dimention-2		Objective Wise Weightage				
Sr No		Remember	Understanding	Application	Skill	Total
	Marks	13	40	22	05	80
	Percentage	16%	50%	28%	06%	100%

Dimention -3	Part & Marks Question- wise Weightage							
SL NO	PART/THEME	MCQ	1-Marks (VSA)	2Marks (SA)	3-Marks (LA)	04-Marks (LA)	05-Marks Marking	Total
01	تاریخ	1(2)	1(2)	2(2)	3(3)	4(2)		25(11)
02	علمِ سیاسیات	1(1)	1(1)	2(1)	3(1)	4(1)		11(5)
03	علمِ سماجیات	1(2)	1(1)	2(1)	3(1)	-		08(5)
04	جغرافیہ	1(1)	1(2)	2(2)	3(2)	4(1)	5(1)	22(9)
05	علمِ معاشیات	1(1)	1(1)	2(1)	3(1)	-		07(4)
06	تجارتی تعلیم	1(1)	1(1)	2(1)	3(1)	-		07(4)
	کل	8(8)	8(8)	16(8)	27(9)	16(4)	5(1)	80(38)

Difficulty Level

SL NO	Difficulty Level	Marks	Percentage
01	Easy	24	30%
02	Average	40	50%
03	Difficult	16	20%
	Total	80	100%

KARNATAKA SECONDARY EDUCATION EXAMINATION BOARD

2019-20 MODEL QUESTION PAPER- 01

SUBJECT: SOCIAL SCIENCE (85-U) **MARKS : 80** **TIME : 3 hrs**

I: مندرجہ ذیل میں ہر سوال کے چار متبادل جوابات دئے گئے ہیں موزوں جواب کا انتخاب کر کے لکھئے۔ 08X01=08

01. 1846ء کے لاہور معاہدے کا اہم نتیجہ۔

a. پنجاب ایک آزاد ریاست بن گئی۔ b. انگریزی ریسیڈنٹ پنجاب کا ناظم بن گیا۔

c. رنجیت سنگھ کا قتل ہو گیا۔ d. کشمیر انگریزوں کے قبضے میں چلا گیا۔

02. 15 اگست 1947ء کو جب پورا ہندوستان آزادی کا جشن منا رہا تھا۔ اس وقت گاندھی جی یہاں تھے۔

a. لاہور b. نوکالی c. دہلی d. امرتسر۔

03. ہندوستان نے تخفیفِ اسلحہ کی حمایت کی کیونکہ،

a. ہندوستان جوہری ہتھیار بنانے کی طاقت رکھتا ہے۔ b. ہندوستان کے پاس بہت بڑی فوجی طاقت موجود ہے۔

c. ہندوستان ایک امن پسند ملک ہے۔ d. ہندوستان ایک ترقی پذیر ملک ہے۔

04. بچہ مزدوری کو بڑھاوا دیتے ہیں۔

a. غیر منظم مزدوروں کے حلقے۔ b. منظم مزدوری کے حلقے۔

c. اجرت کے ساتھ مزدوری کے حلقے۔ d. بغیر اجرت کی مزدوری کے حلقے۔

05. بچپن کی شادی کی روک تھام کے لئے فراہم کیا گیا امدادی نمبر ہے۔

a. 1912 b. 1098 c. 1800 d. 1909

06. مغربی گھاٹ کے مشرقی حصے مغربی حصے جتنی بارش نہیں ہوتی کیونکہ وہ

a. جنوبی حصے میں آتے ہیں۔ b. بارانی سایہ کے علاقے ہیں۔

c. برفانی بارش زیادہ ہوتی ہے۔ d. گھنے جنگلات زیادہ پائے جاتے ہیں۔

07. مندرجہ ذیل میں راست ٹیکس ہے۔

a. ویاٹ b. جی یس ٹی c. پیشہ وارانہ ٹیکس d. درآمدی برآمدی ٹیکس۔

08. صارفینی عدالتوں میں مقدمہ یا شکایت درج کرتے وقت پیش کی جانے والی رقم ہوتی ہے۔

a. خدمت یا جنس یا چیزوں کا 12 فی صد۔ b. خدمت یا جنس یا چیزوں کا 10 فیصد۔

c. کوئی بھی رقم ادا نہیں کی جاتی۔ d. کم سے کم 100 روپئے۔

II: مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات ایک جملہ میں لکھئے۔ 08X01=08

09. بنگلہ دیش سے آنے والے بہت سے پناہ گزین مغربی بنگال میں ہی مقیم ہو گئے کیوں؟

10. لاوڈ ویلزلی استعفیٰ دے کر اپنے وطن انگلینڈ چلا گیا کیوں؟

11. عالمی یومِ صارفین کب منایا جاتا ہے؟

12. پسپائی مانسون کو شمال مشرقی مانسون کا موسم بھی کہا جاتا ہے کیوں؟

13. آبادی کی کثافت آبادی سے مختلف ہے کس طرح؟

10.14 دسمبر کو عالمی یومِ حقوقِ انسانی کہا جاتا ہے کیوں؟

15. اسکول سے دور رہنے والے ایک 17 سالہ بچہ کو دیا سلائی کے کارخانے میں مزدوری پر رکھنے سے منع کیا گیا کیوں؟

16. بجٹ سے کیا مراد ہے؟

III: مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات دو سے چار جملے میں لکھئے۔ 08X02=16

17. شمالی ہند کے عظیم میدانوں کی اہمیت بیان ک۔

18. مٹی کے کٹاؤ کو روکنے کے لئے کون کونسے اقدامات اٹھائے جانا چاہیئے؟

19. آفاقیت ملکوں کے درمیان باہمی انحصاری کو بڑھاوا دے رہی ہے کیسے؟

20. ہندوستان کو امریکہ کے ساتھ اپنی خارجہ پالیسی بار بار بدلنا یا ترتیب دینا پڑتا ہے کیوں؟

یا

*-ہندوستان نے اپنی خارجہ پالیسی میں نو آبادیت کی مخالفت اور نسلی امتیاز کی مخالفت پالیسیوں کو کیوں شامل کیا ہے؟

21. شراب ممانعتی تحریک میں عورتوں نے زیادہ اتحاد کا مظاہرہ کیا ہے کیوں؟

یا

*-اچھوتوں کو جائیداد اور سیاسی حقوق سے محروم کیا گیا تھا کیوں؟

22. قومی آمدنی ملک کی ترقی کا صحیح اشارہ نہیں ہو سکتی، کس طرح؟

23. سرد جنگ ذہنی کشمکش و ہیجان کا ماحول پیدا کرتی ہے کیسے؟

24. تیسری اینگلو کرناٹک جنگ کے نتائج بیان کرو؟

IV: مندرجہ ذیل ہر سوال کا جواب چھ تا آٹھ جملوں میں دیجئے۔ 09X03=27

25. انگریزوں کے زمینداری نظام کے کیا اثرات مرتب ہوئے؟

یا

*وہ کونسے حالات یا واقعات تھے جو دھونڈیا واگھ کو انگریزوں کے خلاف بغاوت پہ اکسائے؟

26. نارائن گرو کا شمار اہم سماجی مصلحین میں کیا جاتا ہے کیوں؟

27. 1857ء کی جنگ آزادی کے ناکامی کے اسباب کیا تھے؟

28. رشوت کے خاتمے کے لئے کون کونسے اقدامات اٹھائے گئے ہیں؟

29. ہندوستان کا سماجی پرتوں کا نظام دوسرے ممالک سے الگ ہے کیسے؟

30. معاشی ترقی میں ذرائع نقل و حمل ایک اہم رول ادا کرتے ہیں۔ وضاحت کیجئے۔

یا

*صنعتیں معاشی ترقی میں اہم کردار ادا کرتے ہیں، وضاحت کیجئے۔

31. زمینی تودوں کے کھسکنے کے وجوہات اور نتائج بیان کیجئے۔۔

32. دیہی ترقی میں پنچایت راج ادارے کس طرح معاون ثابت ہوتے ہیں؟

یا

آر۔بی، آئی کے اہم کام بیان کرو۔

33. مقررہ ڈپازٹ کھاتہ مکرر ڈپازٹ کھاتہ سے کس طرح مختلف ہے؟

یا

*صنعت کار باصلاحیت کاروبار سے کس طرح مختلف ہوتا ہے؟

V: مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات چھ تا آٹھ جملوں میں لکھئے۔ 04X04=16

34. ہندوستان میں زمین کی افادیت کے معنی اور اس کی تقسیم یا درجہ بندی کے بارے تفصیل سے لکھئے۔

35. UNO کی سلامتی کونسل کی بناوٹ اور اس کے کام وکاج کے بارے میں تفصیل سے لکھئے۔

36. ہندوستان کی تحریکِ آزادی میں انقلابیوں کا کردار بیان کرو۔

یا

*دوسری عالمی جنگ کے نتائج بیان کرو۔

37. وہ کونسے حالات یا واقعات تھے جو مسلم لیگ کو تقسیمِ ہند پر مجبور کئے؟

VI. ہندوستان کا نقشہ نکال کر مندرجہ ذیل کے نام لکھتے ہوئے نشاندہی کیجیے۔

38-a. ہندوستان کا سب سے لمبا ڈیم

b. ہندوستان کا سب سے اونچا ڈیم

c. ہندوستان کو دو مساوی حصوں میں تقسیم کرنے والا اہم عرضِ بلد

d. گیٹ وے آف انڈیا/ہندوستان بابِ داخلہ

KARNATAKA SECONDARY EDUCATION EXAMINATION BOARD

2019-20 MODEL QUESTION PAPER-02

SUBJECT: SOCIAL SCIENCE (85-U) **MARKS : 80** **TIME : 3 hrs**

I: مندرجہ ذیل میں ہر سوال کے چار متبادل جوابات دئے گئے ہیں موزوں جواب کا انتخاب کر کے لکھئے۔ 08X01=08

01. قسطنطنیہ کو "یوروپی تجارت کا بابِ داخلہ" کہا جاتا ہے۔ کیونکہ

a. وہ بیجنٹائن کا صدر مقام تھا۔ b. اٹلی کو تجارت پر اجارہ داری حاصل تھی۔

c. قسطنطنیہ مشرقی ممالک کے ساتھ تجارت کا ایک اہم خشکی کا راستہ تھا۔ d. عثمانی ترکوں نے قسطنطنیہ پر قبضہ کیا۔

02. پہلی عالمی جنگ کا خاتمہ اِس معاہدہ کے تحت ہوا۔

a. ورسلیز b. پیارس c. جینوا d. تاشقند۔

03. ایک عالمی تنظیم کی حیثیت سے UNO کا قیام ہوا۔

a. 24 اکتوبر 1946 b. 24 اکتوبر 1945

c. 25 اکتوبر 1945 d. 24 اکتوبر 1945

04. چپکو تحریک کا آغاز اِس ریاست میں ہوا۔

a. اڑیسہ b. کرناٹک c. اترپردیش d. بہار۔

05. بچہ مزدوری کے خلاف قانون اس سال عمل میں آیا۔

a. 1988 b. 1986 c. 1976 d. 1985۔

06. ہندوستان میں کم آبادی والی ریاست ہے۔

a. سکم b. کیرلا c. گوا d. منی پور۔

07. اگر ملک کی قومی آمدنی 15،000 کروڑ اور کل آبادی 10،000 ہو تو وہاں کی انفرادی آمدنی ہوتی ہے۔

a.1.5 کروڑ c.پندرہ ہزار b. ایک لاکھ پچاس ہزار d.دس ہزار

08.صارفین کی تحفظی کونسل کا اہم کام ہوتا ہے ۔

a.واجب دام پر چیزوں اور خدمات کو فراہم کرنا۔ b.معیاری چیزیں وخدمات فراہم کرنا۔

c.دوراسٹپ/گھر بیٹھے اشیاء وخدمات فراہم کرنا۔ d.عوامی تقسیم طریقے سے اشیاء کی تقسیم۔

II: مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات ایک جملہ میں لکھئے۔ 08X01=08

09.ڈچ گرم مسالے پیدا کرنے والے جزائر میں اپنا قدم جمانے لگے۔کیوں؟

10.امریکہ دوسری عالمی جنگ میں کیوں شریک ہوا؟

11.تولیتی کونسل کی اہمیت کم ہوگئی ہے کیوں؟؟

12.مزدور نواز کا فلسفہ تیار ہورہا ہے کیوں؟

13.کالی مٹی کالے بھورے رنگ سے کالی مٹی میں تبدیل ہوجاتی ہے کیوں؟

14.ہندوستان کی کچھ ریاستوں میں آبادی کی کثافت زیادہ ہوتی ہے کیوں؟

15ترقی پذیر معیشت سے کیا مراد ہے؟

16.ٹیلی شاپینگ سے کیا مراد ہے؟.

17.عہدِ معانت کو قبول کرنے والے انگریزوں کے ہاتھون کٹھ پتلی بن جاتے تھے کیسی وضاحت کیجئے،

18.نہرو اور دوسرے محبِ وطن رہنماؤں نے کا چاہتے تھے کہ ہندوستان کو ایک سیکولر (لامزہبیت) بنائیں کیوں؟

19.دن بہ دن بچہ مزدوری کا مسئلہ بڑھتے جارہا ہے کیوں؟

یا

*اچھوتوں کو سماج سے یا دوسروں سے پرے رکھا جاتا تھا۔وضاحت کیجئے۔

20. تخفیفِ اسلحہ کی اشد ضرورت ہے۔کیوں؟

یا

*-ہندوستان اور امریکہ کے درمیانی تعلقات کی وضاحت کیجئے؟

21. ہندوستان کے موسم اور ہندوستان کے زرعی موسم باہمی تصادم ہیں۔ثابت کیجئے۔

22. باغبانی یا باغاتی کاشت کاری ہندوستان کی معاشہ ترقی میں معاون ہے کیسے۔؟

23. انسانی وسائل کی ترقی میں پنچایت راج ادارے مددگار ہیں- کس طرح؟

24. ڈاک خانوں کو بینکوں کے زمرے میں رکھنے کا حکومت کا فیصلہ قابل ستائش ہے۔ثابت کیجئے؟

IV: مندرجہ ذیل ہر سوال کا جواب چھ تا آٹھ جملوں میں دیجئے۔ 09X03=27

25. رعیت واری نظام کی وضاحت کیجئے؟

یا

*حیدر علی کس طرح اقتدار پر آئے وضاحت کیجئے؟

26. پارچہ بانی/کپڑے سازی کی صنعت کے قیام پر اثر انداز ہونے والے عوامل کونسے ہیں۔؟

یا

*سیلاب کے وجوہات بیان کیجئے۔

27. آر۔بی۔آئی کس طرح ملک کے معاشی بحران کو حل کرنے میں مددگار ثابت ہوتی ہے؟

یا

*عوامی اخراجات کے مقاصد بیان کرو۔

28. صنعت کار کے خصوصیات بیان کرو؟

یا

*آفاقیت کے فوائد بیان کرو۔

29. ہندوستان کو اپنی خود کی خارجہ پالیسی کی ضرورت ہے۔ کیوں؟

30. منظم مزدوریٔ غیر منظم مزدوری سے الگ ہے۔ وضاحت کیجئے۔

31. ڈاکٹر اینی بیسنٹ ہندوستان کی تاریخ میں ایک امر شخصیت ہے۔ کیوں؟

32. ہندوستان کی پہلی جنگِ آزادی، ہندوستان کی تحریکِ آزادی اور انگریزی انتظامیہ میں ایک انقلابی تبدیلی لاتی ہے، وضاحت کیجئے۔

33. ملک کی معاشی ترقی میں روڈ/سڑکیں ایک اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ ثابت کیجئے؟

V: مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات چھ تا آٹھ جملوں میں لکھئے۔ 04X04=16

34. ہندوستان کی تحریکِ آزادی میں انقلابیوں کا کردار بہت اہم رہا ہے۔ کیوں۔ وضاحت کیجئے۔

35. انگریزوں کا جاری کردہ رولٹ ایکٹ ہندوستان کی تحریکِ آزادی کا سبب بنا۔ وضاحت کیجئے۔

یا

*روس میں 20ویں صدی کے سیاسی حالات انتظامی نظام کی تبدیلی کا سبب بنے۔ ثابت کیجئے۔

36. دہشت گردی آج دنیا میں ایک غیر انسانی فعل بنا ہوا ہے۔ کیوں؟

37. جنگلات کی حفاظت کس طرح کی جاسکتی ہے؟

VI. ہندوستان کا نقشہ نکال کر مندرجہ ذیل کے نام لکھتے ہوئے نشاندہی کیجیے۔

a. خطِ سرطان

b. ساحلِ ملابار

c. دریائے کرشنا

d. بھاکرہ ننگل منصوبہ۔